ڈائریکٹر پولیس سندھ پولیس آفس

فون 99212639

موٹر آباد پولیس مقابلہ، تفصیلی انکوائری رپورٹ اندرون تین یوم ارسال کی جائے :۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی

کراچی 05 جون 2014ء :۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام قادر تھیبو نے ڈی آئی جی ویسٹ کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ تھانہ پیر آباد کی حدود رحمٰن بابا اسٹیڈیم کے قریب تھانہ موٹر آباد پولیس پارٹی کے مقابلے کے حوالے سے تفصیلی انکوائری رپورٹ اندرون تین یوم برائے ملاحظہ و ضروری کاروائی ارسال کی جائے۔

افسر نے کہا کہ اس حوالے سے تھانہ پیر آباد کے ایس ایچ او سے بھی علاقہ گشت اور پکٹنگ ڈیلائنمنٹ کی تفصیلات طلب کرنے کے ساتھ ساتھ پولیس مقابلے کے عینی شاہدین اور علاقہ مکینوں کے بھی بیانات قلمبند کیے جائیں جبکہ کرائم سین سے اٹھائے گئے گولیوں کے خول کی بھی فارنزک تحقیقات کے عمل کو یقینی بنایا جائے

افسر نے کہا کہ مقابلے میں حصہ لینے والے تھانہ موٹر آباد کے ایس ایچ او اور پولیس پارٹی میں شامل دیگر اہلکاروں کی تفصیلات میں انکے بیانات بشمول وقت وقوعہ، ملزمان کا حلیہ، وکٹیم میں استعمال کی جانیوالی "ٹاٹری" قبضہ میں یا برآمد ہونیوالا اسلحہ و دیگر حقائق کو لازمی شامل کیا جائے۔ مکمل باقاعدہ تصدیق کے بعد تمام ضروری قانونی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔

#